# حل مشق 1.3

**سوال1: تین مسلسل صحیح اعداد کا مجموعہ بیالیس ہے، صحیح اعداد معلوم کریں۔**

**حل:** فرض کریں a، (a+1) اور (a+2) تین مسلسل صحیح اعداد ہیں، تو

$$a+(a+1)+(a+2) = 42$$

$$3a+3 = 42 \Rightarrow 3a = 42-3$$


$$3a=39 \Rightarrow a = \frac{39}{3} = 13$$

لہٰذا پہلا صحیح عدد $= a = 13$

دوسرا صحیح عدد $= a+1 = 13+1 = 14$

تیسرا صحیح عدد $= a+2 = 13+2 = 15$

**سوال2: دی گئی شکل قائمۃ الزاویہ مثلث ABC کو ظاہر کرتی ہے جس میں $\overline{AC}$ کی لمبائی $(\sqrt{3}+\sqrt{5})$ سینٹی میٹر ہے۔ $\Delta ABC$ کا رقبہ $(1+\sqrt{15})$ مربع سینٹی میٹر ہے۔ $\overline{AB}$ کی لمبائی $(a\sqrt{3}+b\sqrt{5})$ سینٹی میٹر کی شکل میں معلوم کریں۔**




**حل:**

مثلث کا رقبہ $= (1+\sqrt{15})\ cm^2$

مثلث کے ضلع (قاعدہ) کی لمبائی $= (\sqrt{3}+\sqrt{5})\ cm$

ضلع $\overline{AB}$ کی لمبائی $= ?$

ہم جانتے ہیں کہ

مثلث کا رقبہ $= \frac{1}{2}$ (قاعدہ × بلندی)

$$(1+\sqrt{15})cm^2 = \frac{1}{2}(\overline{AC} \times \overline{AB})$$

$$2(1+\sqrt{15}) = (\sqrt{3}+\sqrt{5}) \times \overline{AB} \Rightarrow 2+2\sqrt{15} = (\sqrt{3}+\sqrt{5}) \times \overline{AB}$$

$$\Rightarrow \overline{AB} = \frac{2+2\sqrt{15}}{\sqrt{3}+\sqrt{5}} = \frac{2+2\sqrt{15}}{\sqrt{3}+\sqrt{5}} \times \frac{\sqrt{3}-\sqrt{5}}{\sqrt{3}-\sqrt{5}}$$

$$= \frac{(2+2\sqrt{15})(\sqrt{3}-\sqrt{5})}{(\sqrt{3})^2-(\sqrt{5})^2} = \frac{2(\sqrt{3}-\sqrt{5})+2\sqrt{15}(\sqrt{3}-\sqrt{5})}{3-5}$$

$$= \frac{2\sqrt{3}-2\sqrt{5}+2\sqrt{45}-2\sqrt{75}}{-2}$$

$$= \frac{2\sqrt{3}-2\sqrt{5}+2\times3\sqrt{5}-2\times5\sqrt{3}}{-2} = \frac{2\sqrt{3}-2\sqrt{5}+6\sqrt{5}-10\sqrt{3}}{-2}$$

$$= \frac{-8\sqrt{3}+4\sqrt{5}}{-2} = \frac{-8\sqrt{3}}{-2} + \frac{4\sqrt{5}}{-2}$$

$\overline{AB} = (4\sqrt{3}-2\sqrt{5})\ cm$ جو کہ مطلوبہ لمبائی ہے۔

**سوال3: ایک مستطیل کے اضلاع کی لمبائیاں $(2+\sqrt{18})$ میٹر اور $\left(5-\frac{4}{\sqrt{2}}\right)$ میٹر ہیں۔ مستطیل کا رقبہ $a+b\sqrt{2}$ کی شکل میں معلوم کریں جب کہ a اور b صحیح اعداد ہیں۔**

**حل:**

مستطیل کی لمبائی $= (2+\sqrt{18})\,m$

مستطیل کی چوڑائی $= \left(5-\frac{4}{\sqrt{2}}\right)m$

ہم جانتے ہیں کہ:

مستطیل کا رقبہ = لمبائی × چوڑائی

$$= (2+\sqrt{18})\left(5-\frac{4}{\sqrt{2}}\right)$$

$$= 10-\frac{8}{\sqrt{2}}+5\sqrt{18}-\frac{4\sqrt{18}}{\sqrt{2}}$$

$$= \frac{10\sqrt{2}-8+5\sqrt{36}-4\sqrt{18}}{\sqrt{2}}$$

$$= \frac{10\sqrt{2}-8+5(6)-4\times3\sqrt{2}}{\sqrt{2}}$$

$$= \frac{10\sqrt{2}-8+30-12\sqrt{2}}{\sqrt{2}} = \frac{22-2\sqrt{2}}{\sqrt{2}}$$

$$= \frac{22}{\sqrt{2}}-\frac{2\sqrt{2}}{\sqrt{2}} = \frac{22\times\sqrt{2}}{\sqrt{2}\times\sqrt{2}}-\frac{2\sqrt{2}}{\sqrt{2}}$$

$$= \frac{22\times\sqrt{2}}{2}-2 \Rightarrow 11\sqrt{2}-2$$

مستطیل کا رقبہ $= (-2+11\sqrt{2})m^2$

جو کہ مستطیل کا مطلوبہ رقبہ ہے۔

**سوال4: دو اعداد معلوم کریں جن کا مجموعہ 68 اور فرق 22 ہے۔**

**حل:** فرض کریں a اور b دو مطلوبہ اعداد ہیں، تب بشرطِ سوال

$a+b = 68$ .... (i)

$a-b = 22$ .... (ii)

مساوات (i) اور (ii) کو جمع کرنے سے

$\Rightarrow\ 2a = 90 \Rightarrow a = 45$

مساوات (i) میں $a = 45$ درج کرنے سے

$\Rightarrow\ 45+b = 68 \Rightarrow b = 68-45$

$b = 23$

لہٰذا 45 اور 23 مطلوبہ اعداد ہیں۔

**سوال5: 2024ء کی گرمیوں کے دوران لاہور کا درجہ حرارت غیر معمولی طور پر زیادہ تھا۔ ٹی وی رپورٹ میں درجہ حرارت 48°C بتایا گیا۔ فارمولا $(°F = \frac{9}{5}°C + 32)$ کا استعمال کرتے ہوئے فارن ہائیٹ سکیل میں درجہ حرارت معلوم کریں۔**

**حل:** $C = 48°C$

ہم جانتے ہیں کہ:

$$°F = \frac{9}{5}\ °C+32$$

$$°F = \frac{9}{5} \times 48+32$$

$$°F = 86.4+32 = 118.4°F$$

پس، فارن ہائیٹ سکیل میں درجہ حرارت 118.4°F ہے۔

**سوال6: باپ اور بیٹے کی عمروں کا مجموعہ 72 سال ہے۔ چھے سال پہلے، باپ کی عمر، بیٹے کی عمر کا دوگنا تھی۔ چھے سال پہلے بیٹے کی عمر کیا تھی؟**

**حل:** فرض کریں کہ باپ اور بیٹے کی عمریں بالترتیب a اور b ہیں:

$a+b = 72$ .... (i)

6 سال پہلے:

باپ کی عمر $= a-6$ .... (ii)

بیٹے کی عمر $= b-6$ .... (iii)

بشرطِ سوال

$a - 6 = 2(b-6)$

$a - 6 = 2b - 12$

$a - 2b = -12+6 \Rightarrow a-2b = -6$ .... (iv)

مساوات (i) اور (iv) کو تفریق کرنے سے

$$\begin{array}{r} a - 2b = -6 \\ \pm\ a \pm\ b = \pm 72 \\ \hline -3b = -78 \end{array} \quad \Rightarrow \quad b = \frac{-78}{-3}$$

$\Rightarrow b = 26$

مساوات (ii) میں $b = 26$ درج کرنے سے

بیٹے کی عمر $= 26-6 = 20$

لہٰذا 6 سال پہلے بیٹے کی عمر 20 سال تھی۔

**سوال7: ہر حا نے ایک کھلونا 1500 روپے میں خریدا اور 1520 روپے میں فروخت کر دیا۔ اس کا نفع فی صد کیا تھا؟**

کھلونے کی قیمتِ خرید = 1500 روپے

کھلونے کی قیمتِ فروخت = 1520 روپے

نفع = قیمتِ فروخت – قیمتِ خرید

= 1520 – 1500 = 20 روپے

اب، ہم نفع فی صد معلوم کرتے ہیں۔

$$\text{نفع}\% = \frac{\text{نفع}}{\text{قیمتِ خرید}} \times 100\%$$

$$= \left(\frac{20}{1500} \times 100\right)\% = 1.33\%$$

لہٰذا، نفع 1.33 فی صد ہے۔

**سوال 8: طیب کی سالانہ آمدنی 9,60,000 روپے ہے، جب کہ مستثنیٰ رقم 1,30,000 روپے ہے، اسے 0.75% کے حساب سے کتنا ٹیکس ادا کرنا ہوگا؟**

**حل:**

طیب کی سالانہ آمدنی = 9,60,000 روپے

مستثنیٰ رقم = 1,30,000 روپے

قابلِ ٹیکس رقم = 9,60,000 روپے – 1,30,000 روپے

= 830,000 روپے

ٹیکس کی شرح = 0.75%

ٹیکس کی رقم = 830,000 × 0.75%

$$= 830{,}000 \times \frac{0.75}{100} = 6{,}225 \text{ روپے}$$

لہٰذا، طیب نے 6,225 روپے بطور ٹیکس ادا کرنے ہیں۔

**سوال 9: 3,75,000 روپے پر ایک سال کے لیے 14 فی صد سالانہ شرح کے حساب سے کمپاؤنڈ مارک اَپ معلوم کریں۔**

**حل:**

اصل زر = P = 3,75,000 روپے

وقت = T = 1 سال

شرح = R = 14%

کمپاؤنڈ مارک اَپ = I = ?

کمپاؤنڈ مارک اَپ معلوم کرنے کے لیے ہمیں مارک اَپ کے بعد آخری قیمت (A) معلوم کرنی ہوگی۔

ہم جانتے ہیں کہ:

$$A = P \times \left(1 + \frac{R}{100}\right)^T$$

$$A = 375000 \times \left(1 + \frac{14}{100}\right)^1$$

$$A = 375000 \times 1.14$$

A = 427,500 روپے

اب، کمپاؤنڈ مارک اَپ = A – P

= 427500 – 375000

= 52,500 روپے

لہٰذا، کمپاؤنڈ مارک اَپ 52,500 روپے ہے۔